Question Paper Serial No.

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

25. 03. 2024

Tear here

**CCE RF/PF/RR/PR/NSR/NSPR(A)/666/006**

**ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ - 1**

**MARCH/APRIL 2024 EXAMINATION-1**

**A**

**CCE RF/PF/RR/PR/NSR/NSPR FULL SYLLABUS**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]

Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 45 ]

Total No. of Questions : 45 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U**

**Code No. : 12-U**

# ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

# Subject : FIRST LANGUAGE – URDU

**(ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**

**( Regular Fresh / Private Fresh / Regular Repeater / Private Repeater / NSR / NSPR )**

ದಿನಾಂಕ : 25. 03. 2024 ] [ Date : 25. 03. 2024

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

## عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ میں کُل 45 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتّباع کیجئے)۔ پرچہ کھولنے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹِکٹ میں شائع کیا گیا۔ سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

URDU

**I.** درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے : **6 x 1 = 6**

1. ''رات گزاری'' یہ جملہ مفرد جملہ کہلاتا ہے کیونکہ

(A) اِس میں صرف ایک مسند اور ایک مسندالیہ ہے۔

(B) اِس میں صرف دو الفاظ ہیں۔

(C) ''رات'' واحد ہے۔

(D) اِس میں مختصر بات کہی گئی ہے۔

2. اِن جملوں میں جملۂ فعلیہ ہے۔

(A) ہندوستان مختلف تہذیبوں کا گہوارہ ہے۔ (B) اُردو شیریں زبان ہے۔

(C) ندیاں زمین کو سیراب کرتی ہیں۔ (D) نوجوان ملک کی طاقت ہیں۔

3. معنی کے لحاظ سے جملے کی قسمیں۔

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

4. اِن میں مرکب جملہ ہے۔

(A) عورتوں کے معاملے میں خدا سے ڈرو۔

(B) تمہارا حق عورتوں پر ہے اور عورتوں کا تم پر ہے۔

(C) جو خود کھاؤ وہ اُن کو کھلاؤ۔

(D) اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو۔

5. وہ علم جس میں شعر کے اوزان معلوم ہوتے ہوں۔

(A) علمِ کیمیا　(B) علمِ نحو

(C) عِلم نجوم　(D) عِلم عروض

6. غزل کے آخری شعر کو کہتے ہیں۔

(A) مقطع　(B) قافیہ بند

(C) مطلع　(D) تخلّص

**II.** پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے : **4 x 1 = 4**

7. آغاز : انجام : : آقا : .........

8. ہدایت کرنے والا : ہادی : : مہارت رکھنے والا : .........

9. لاعلم : سابقہ : : دواخانہ : .........

10. عرض : گذارش : : ارض : .........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے : **7 x 1 = 7**

11. پنڈت نہرو اپنے پورے نام کا اِملا کس طرح لکھا کرتے تھے ؟

12. زعفران کا پودا کس سے اُگتا ہے ؟

13. بھکشو زعفران کا اِستعمال کس موقع پر کرتے ہیں ؟

14. خسرو نے کم عمری میں کونسا فن سیکھا ؟

15. حضور ﷺ نے ''مرنے'' سے متعلق کیا فرمایا ؟

16. ہوا چاروں طرف کیا پکارتی آئی ؟

17. مچھر کی نظر میں انسان کا قاتل کون ہے ؟

IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 10 x 2 = 20

18. بدایوں پہلے کیسا شہر تھا ؟

19. مولانا آزاد کم اور نرم الفاظ میں کیا کہنا چاہتے ہیں ؟

20. بھرت نارائن جی کی روح کیوں مسکرا رہی تھی ؟

21. زعفران کی اچھی نشوونما کے لئے کونسا موسم سازگار ہوتا ہے ؟

22. موسیقی کی دنیا میں خسرو کی ایجادات کیا تھیں ؟

23. بہار کے آنے سے پہاڑوں میں کیا تبدیلی آئی ؟

24. نظم رشوت میں شاعر کے نزدیک رشوت کو چھوڑنا کس لئے محال ہے ؟

25. حضرت امام حسینؓ اُمت کے واسطے کیا کچھ کر گزرنا چاہتے تھے ؟

26. ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟

27. شاؔد عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟

V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 11 x 3 = 33

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :

28. ''اِس کے کھانے سے کوئی بیماری پاس نہیں پھٹکتی۔''

29. ''یقیناً میں نے کہا ہے موجودہ گورنمنٹ ظالم ہے۔''

30. ''آج یہ کیا بات ہے کچھ اندھیرا سا ہے۔''

درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :

31. زہرہ جمال

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے :

32. جوشؔ ملیح آبادی

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

33. یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے
قطرے میں سمندر ہے، ذرّے میں بیاباں ہے

34. سب کا تو مداوا کر ڈالا، اپنا ہی مداوا کر نہ سکے
سب کے تو گریباں سی ڈالے، اپنا ہی گریباں بھول گئے

35. ذرا سا تو دل ہوں، مگر شُوخ اِتنا
وہی 'لن ترانی' سُننا چاہتا ہوں

غیر متعلق الفاظ کی نشاندہی کیجئے :

36. (i) راہ، منزل، جنگل

(ii) جگنو، قندیل، چراغ

(iii) برسات، گھٹا، زمین

37. جملۂ انشائیہ کسے کہتے ہیں ؟ کوئی دو اقسام کے نام لکھئے۔

38. صنعتِ تلمیح کی تعریف مع مثال لکھئے۔

یا

صنعتِ تکرار کی تعریف مع مثال لکھئے۔

VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 5 x 4 = 20

39. اپنی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے کوئی چار اشعار لکھئے۔

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل ''مرثیہ'' کے آخری دو بند میں سے کوئی چار اشعار لکھئے۔

40. **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :**

(i) جگنو (ii) سرحدوں کا جال

41. حجۃ الوداع کے موقعہ پر دیئے گئے خطبہ میں حضور ﷺ حسنِ معاشرت سے متعلق کیا اِرشاد فرمایا۔

42. پنڈت جواہر لال نہرو کی اُردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھئے۔

یا

امیر خسرو کو دو عظیم تہذیبوں کے درمیان ایک پُل کیوں کہا گیا ؟

43. **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :**

حکیم اجمل خاں 1863ء میں دلّی میں پیدا ہوئے۔ وہ دہلی شہر کے نہایت ہی مشہور حکیم تھے۔ اِن کی شہرت پورے ہندوستان میں پھیلی ہوئی تھی۔ حکیم اجمل خان بڑے باکمال انسان تھے۔ حکیم صاحب کو تعلیم سے بے حد لگاؤ تھا۔ وہ اکثر کہا کرتے تھے کہ تعلیم کے بغیر کوئی قوم ترقی نہیں کر سکتی۔ مسلمانوں میں تعلیم کو فروغ دینے کے لئے اُنہوں نے سرسید کا پورا ساتھ دیا۔ حکیم صاحب کو اپنے وطن سے بے حد محبت تھی۔ وہ ملک کو آزاد دیکھنا چاہتے تھے۔ انہوں نے انگریزی حکومت کے ظلم و جبر

اور ناانصافی کے خلاف آواز اُٹھائی اور قومی تحریکوں میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیا۔ اُنہوں نے عدم تعاون کی تحریک میں گاندھی جی کا ساتھ دیا۔ اُن کی قومی خدمات کے سبب اُنہیں کانگریس کا صدر بنایا گیا۔ عدم تعاون تحریک کے نتیجے میں مولانا محمد علی، ڈاکٹر مختار احمد انصاری اور حکیم اجمل خاں کی کوششوں سے علی گڑھ میں ایک قومی درس گاہ ''جامعہ ملّیہ اسلامیہ'' کے نام سے قائم ہوئی۔

حکیم صاحب کو ہندو مسلم اتحاد بڑا عزیز تھا۔ جہاں کہیں اِن دونوں فرقوں کے درمیان لڑائی جھگڑا ہوتا حکیم صاحب اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر وہاں پہنچ جاتے اور دونوں میں صلح صفائی کراتے۔

سوالات :

(i) حکیم اجمل خاں کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

(ii) حکیم صاحب نے کن لوگوں کی مدد سے علی گڑھ میں قومی درس گاہ قائم کی۔

**VII.** <u>خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :</u> **1 x 5 = 5**

44. اپنے اُستاد کے نام ایک خط لکھئے جس میں کوئی مناسب وجہ بتاتے ہوئے دو دن کی چُھٹی کی درخواست ہو۔

یا

اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں اسکول کے سالانہ جلسہ کا ذکر ہو۔

**VIII.** <u>کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے :</u> **1 x 5 = 5**

45. (i) چندرایان-سوم : ہند کی ترقی کا مظہر ہے۔

یا

(ii) تعلیمِ نسواں کی اہمیت

DO NOT WRITE ANYTHING HERE